| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کو حفظ کر سکیں۔
- قرآن مجید کی سورتوں کو درست تلفّظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کر سکیں۔ اور انھیں نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کا نام خوش خط لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ یہ سورت قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں اور طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس کی تعلیمات کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔
- قرآن مجید کی تلاوت کے آداب کی دہرائی کروائیں۔ انھیں بتائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے وضو کرنا چاہیے۔ تلاوت شروع کرنے سے پہلے تعوّذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے۔ قرآن مجید کو ادب سے اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔
- طلبہ کو سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کے بارے میں بتائیں کہ یہ قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے۔ اور اس کی پانچ آیات ہیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کی پہلی دو آیات کی زبانی تلاوت کرنا سیکھیں گے۔

- درست تلفّظ کے ساتھ پہلے خود دونوں آیات ( تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ ) پڑھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں ہر لفظ کو سنتے ہوئے اس پر انگلی رکھیں اور سبق پر توجّہ دیں۔
- ہر لفظ کی ادائی پر زور دیں اور ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں تاکہ طلبہ بآسانی ہر لفظ کی ادائی کا طریقہ سمجھ سکیں۔
- طلبہ کو آگاہ کریں اگر حرکات کی ادائی کا خیال نہ رکھا جائے تو لفظ کے معانی بدل جاتے ہیں اور ثواب کی بجائے گناہ ہوتا ہے لہٰذا خیال رکھنا چاہیے کہ ہر لفظ کو درست تجوید کے ساتھ ادا کیا جائے۔
- تمام طلبہ سے باری باری سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کی پہلی دو آیات کی پڑھائی کروائیں اور قواعد اور تجوید کا بھی خیال رکھیں تاکہ انھیں سبق ذہن نشین ہو جائے۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** 8منٹ

سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کی پہلی دو آیات ہر بچّے سے زبانی سنیں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ کمزور بچوں پر خصوصی توجّہ دیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

سُوۡرَۃُ اللَّھَبِ کی پہلی دو آیات دہرائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَۃُ اللَّھَبِ) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَۃُ اللَّھَبِ کو حفظ کر سکیں۔
- قرآن مجید کی سورتوں کو درست تلفّظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کر سکیں۔ اور انھیں نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سُوْرَۃُ اللَّھَبِ کا نام خوش خط لکھیں۔ طلبہ کو سورۃ اللھب کا شانِ نزول بتائیں کہ یہ سورت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے چچا ابولھب کے متعلق نازل ہوئی جو اسلام کا سب سے بڑا دشمن تھا۔ طلبہ کو بتائیں کہ اس سورت کی پانچ آیات ہیں پچھلے سبق میں طلبہ دو آیات زبانی یاد کر چکے ہیں آج آیت نمبر 3 تا 5 کی تلاوت کرنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں اور انھیں تاکید کریں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باادب ہو کر بیٹھیں۔
- طلبہ سے سُوْرَۃُ اللَّھَبِ کی آیت نمبر 1 اور 2 زبانی سنیں۔ اچھا سبق سننے والے بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ جن بچّوں کو پہلی دو آیات پڑھنے میں دقّت محسوس ہو، انھیں دوبارہ پڑھوائیں۔

- استاد سُوۡرَۃُ اللَّهَبِ کی آیات نمبر 3تا5( سَيَصۡلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝٣ وَّامۡرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الۡحَطَبِ ۝٤ فِىۡ جِيۡدِهَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ۝٥ ) کی تلاوت پہلے خُود کریں۔ ہر لفظ کو مکمل تجوید اور درست تلفّظ کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ سبق کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد طلبہ سے پہلے آیت نمبر 3 کے ہر لفظ کی ادائی کروائیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ طلبہ حرکات اور مخارج کے ساتھ ہر لفظ کو ادا کریں اور زبانی یاد کریں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 3 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں تاکہ انھیں ذہن نشین ہو جائے۔
- آیت نمبر 3 کے بعد 4اور 5 کی درست تلفّظ کے ساتھ ادائی کروائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** 8منٹ

طلبہ کو ہدایت دیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر سورۃ اللھب کی تلاوت کریں اور زبانی یاد کریں کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

سُوۡرَۃُ اللَّهَبِ گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سنائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: روزہ (صوم) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- روزے (صوم) کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- روزے (صوم) کی فرضیت، اہمیت و فضیلت اور احکام جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے ارکانِ اسلام کے متعلق سوالات کریں:

الف: ارکانِ اسلام کی تعداد کتنی ہے؟

ب: ارکانِ اسلام کے نام بتائیں۔

طلبہ کو بتائیں ارکانِ اسلام دراصل اسلام کے بنیادی ستون ہیں جس طرح کسی بھی عمارت کو قائم رکھنے کے لیے ستونوں کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح اسلام کے کچھ ستون ہیں ان کو ارکان کا نام دیا جاتا ہے۔

طلبہ کو بتائیں آج ہم دینِ اسلام کے اہم اور تیسرے رکن روزہ کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 15 سے 'روزے کا معنی و مفہوم' اور 'روزے کی فرضیت' کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں روزہ اسلام کا تیسرا اہم ترین رکن ہے۔ امتِ محمدی (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) پر رمضان کے روزے 15 شعبان المعظم ۲ ہجری کو فرض کیے گئے۔

- انھیں روزے کے معنٰی و مفہوم سے آگاہ کریں۔ روزے کو عربی زبان میں صَوم کہتے ہیں جس کے معنی ہیں رُک جانا یا باز رہنا۔
- تختہ تحریر پر صوم کے معنی نمایاں کر کے لکھیں اور طلبہ سے پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں دینی اصطلاح میں روزے سے مراد صبح صادق سے لے کر سورج غروب ہونے تک کھانے پینے اور جن کاموں سے شریعت نے منع کیا ہے، رُکے رہنا ہے۔
- بتائیں روزہ ہم سے پہلی قوموں پر بھی فرض تھا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: اے مومنو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بنو۔ (سورۃ البقرہ، آیت: 183)

- طلبہ کو بتائیں روزے کے ذریعے سے ہمیں اپنی خواہشاتِ نفس پر قابو حاصل ہوتا ہے اور ہم میں فرض کا وہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور مرضی کے خلاف کوئی کام نہیں کرتے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| احکام | اَح۔کام | حکم کی جمع |
| فرض | فرْض | وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری ہو |
| اصطلاح | اِص۔طِ۔لاح | کسی علمی گروہ کا کسی لفظ کے عام معنوں کے علاوہ کوئی خاص مفہوم مقرّر کر لینا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (1) کے سوالوں (۱) اور (۲) کے جواب پوچھیں۔ انھیں ہدایت دیں کہ ان کے جواب کاپی پر لکھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

⟸ ارکانِ اسلام کے نام ترتیب وار اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: روزہ (صَوم) |
|---|---|---|

**سوال 1: درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

ا۔ صَوم کے کیا معنیٰ ہیں؟

______________________________

______________________________

۲۔ روزے کب فرض کیے گئے؟

______________________________

______________________________